سوال

(1052)خرید کے وقت کچھ ادھار کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا آدمی سونا خریدتا ہے، اوراس کے ذمے کچھ رقم باقی رہ جاتی ہے، اوروہ کہتا ہے، جب آسانی ہوئی تودے جاؤں گا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جائز نہیں ہے۔ جس قدر سونے کی اس نے قیمت ادا کردی وہ صحیح ہے اورباقی جس کی قیمت ادا نہیں کی وہ باطل ہوگی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سونے چاندی کے بارے میں فرمان ہے: ''جیسے چاہو بیچ لو جب ہاتھوں ہاتھوں نقد ہو۔'' (صحیح بخاری، کتاب البیوع، باب بیع الذھب بالذھب، حدیث: 2175، وصحیح مسلم، کتاب المساقاۃ، باب الصرف و بیع الذھب بالورق نقدا، حدیث: 1590۔ سنن النسائی (4578)۔ مسند احمد بن حنبل: 320/5، حدیث: 22779۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 737

محدث فتویٰ